**Shabbir / Fazil**

**26-03-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا ہے کہ اپوزیشن پارٹیوں نے مغربی ایشیا بحران پر آل پارٹی میٹنگ میں حکومت کی حمایت کرنے کا یقین دلایا۔

2- مرکزی کابینہ نے 2035 تک کاربن اخراج کو 47 فیصد تک کم کرنے کے حکومت کے عزم کو منظوری دی۔

3 - حکومت نے کہا ہے کہ ملک کے پاس 26 کروڑ ٹن خام تیل کو صاف کرنے کی صلاحیت ہے۔ سرکار نے شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ افواہوں پر دھیان نہ دیں اور گھبراہٹ میں خریداری کرنے سے گریز کریں۔

4- صارفین سے متعلق مرکزی اتھارٹی نے ہوٹلوں اور ریستورانوں کو صارفین سے اضافی چارجز جیسے LPG چارجز اور ایندھن کی لاگت وصول کرنے سے روک دیا ہے۔

5- مغربی ایشیا میں امن کی کوششوں کو دھچکہ لگا ہے کیونکہ ایران نے امریکہ کے 15 نکاتی جنگ بندی منصوبے کو مسترد کردیا ہے۔

6- اور : فٹبال میں آج مالے میں 20 سال کی عمر تک کے SAFF چیمپین شپ کے افتتاحی میچ میں بھارت کا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

All Party Meeting

حکومت نے کل شام نئی دلی میں پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں مغربی ایشیا کے موجودہ حالات پر ایک کُل پارٹی منعقد کی۔ اِس میٹنگ کی صدارت وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کی، جس میں وزیر داخلہ امت شاہ، وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری، پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو، JDU کے کارگزار صدر سنجے جھا، JDU کے راجیو رنجن عرف للّن سنگھ اور دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔

میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے جناب رججو نے میٹنگ میں شرکت کرنے والے تمام سیاسی پارٹیوں کے ارکان کا شکریہ ادا کیا۔ انھوں نے کہا کہ حکومت نے اپوزیشن لیڈروں کی جانب سے اٹھائے گئے سوالات اور خدشات کا جواب دیا۔

انھوں نے مزید کہا کہ تمام اپوزیشن پارٹیوں نے حالات سے نمٹنے کیلئے حکومت کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات کی حمایت کا یقین دلایا۔

S/B Kiran Rijiju

اِس میٹنگ میں کانگریس کے رہنما مُکل واسِنک اور طارق انور، CPIM کے رکن پارلیمنٹ John Brittas، سماجوادی پارٹی کے MP دھرمیندر یادو اور دیگر اپوزیشن رہنما بھی موجود تھے۔

یہ میٹنگ ایسے وقت میں ہوئی، جب مغربی ایشیا میں کشیدگی میں اضافہ ہو رہا ہے، جس سے اہم بحری راہداریوں میں رکاوٹ پیدا ہوئی ہے اور خلیجی ملکوں میں بھارتی شہریوں کی حفاظت سے متعلق تشویش پیدا ہوئی ہے۔

آل پارٹی میٹنگ کے بعد وزیراعظم نریندر مودی نے مغربی ایشیا کی صورتحال کے بارے میں پارلیمنٹ سے خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں وزیراعظم نے کہا کہ حکومت نے ایندھن سپلائی چین، کھادوں اور دیگر شعبوں کے بارے میں حکمت عملی تیار کرنے کیلئے سات بااختیار گروپ تشکیل دیے ہیں، تاکہ ایران، اسرائیل - امریکہ تنازعے کے اثرات کو کم کیا جا سکے۔x

## Cabinet Decisions

مرکزی کابینہ نے 28 ہزار 840 کروڑ روپے کے کُل اخراجات سے 27-2026 سے 36-2035 تک دس سال کی مدت کیلئے ترمیم شدہ علاقائی کنیکٹیویٹی اسکیم– اُڑان کے آغاز اور نفاذ کی منظوری دی ہے۔

صحافیوں کو کابینہ کے فیصلوں کے بارے میں جانکاری فراہم کرتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے بتایا کہ علاقائی کنکٹویٹی کو فروغ دینے کیلئے غیر استعمال شدہ فضائی پٹیوں سے 100 ہوائی اڈے تیار کیے جائیں گے۔ اِس سے دوسرے اور تیسرے درجے کے شہروں میں اقتصادی ترقی، تجارت اور سیاحت کو فروغ حاصل ہوگا اور عام شہریوں کے لیے سستے فضائی سفر کی سہولت فراہم ہوگی۔

S/B Vaishnaw

جناب ویشنو نے بتایا کہ کابینہ نے امیگریشن، ویزا، غیر ملکیوں کے اندراج اور نگرانی کی IVFRT اسکیم میں پانچ سال کی توسیع کی بھی منظوری دی ہے، جو یکم اپریل 2026 سے مارچ 2031 تک جاری رہے گی۔ اس کے لیے 1,800 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔

IVFRT پلیٹ فارم کا مقصد امیگریشن، ویزے جاری کرنے اور غیر ملکیوں کے اندراج سے متعلق تمام نظام کو آپس میں مربوط کرنا اور اِسے مؤثر بنانا ہے۔ اس اسکیم کا بنیادی ہدف امیگریشن اور ویزا خدمات کو جدید اور محفوظ مربوط نظام کے تحت جدید تر بنانا ہے۔ اس کے ذریعے قانونی طور پر آنے والے مسافروں کو سہولت فراہم کی جائے گی جبکہ قومی سلامتی کو بھی مزید مضبوط بنایا جاسکے گا۔

S/B Vaishnav

کابینہ نے UNFCCC اور پیرس معاہدے کے تحت ملک کے عزم کو مزید مستحکم کرتے ہوئے 2031 سے 2035 تک کی مدت کیلئے بھارت کے قومی سطح پر طے شدہ تعاون کی بھی منظوری دی ہے تاکہ پائیدار ترقی اور ماحولیاتی انصاف کیلئے عزم کو تقویت دی جا سکے۔

بھارت نے عہد کیا ہے کہ وہ 2005 کی سطح کے مقابلے 2035 تک اپنی مجموعی گھریلو پیداوار GDP کے کاربن اخراج میں 47 فیصد کی کمی لائے گا۔ فروری 2026 تک ملک نے 52 اعشاریہ پانچ سات فیصد غیر زیرِ زمین ایندھن پر مبنی توانائی کی صلاحیت حاصل کرلی ہے اور اِس طرح مقررہ ہدف کو، مقررہ وقت سے پانچ سال پہلے ہی کامیابی کے ساتھ پورا کرلیا گیا ہے۔x

West Asia Daily Brief

حکومت نے کہا ہے کہ ملک کے پاس 26 کروڑ ٹن خام تیل کو صاف کرنے کی صلاحیت ہے۔ سرکار نے شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ افواہوں پر دھیان نہ دیں اور گھبراہٹ میں خریداری کرنے سے گریز کریں۔ کل نئی دلی میں مغربی ایشیا کے موجودہ حالات و واقعات پر منعقدہ بین وزارتی بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت کی جوائنٹ سکریٹری سجاتا شرما نے کہا کہ پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے کی افواہوں کے درمیان پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا ہے۔

PNG کی توسیع کے بارے میں بات کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ حکومت اِس پر بھرپور توجہ دے رہی ہے اور اِس سلسلے میں ایک گزٹ نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے، جس کا مقصد تمام ریاستوں میں PNG کنکشن سے متعلق درخواست کی فیس اور منظوری کے عمل میں آسانی فراہم کرنا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ تقریباً پچھلے 25 دنوں میں لگ بھگ ڈھائی لاکھ نئے کنکشنز کو منظوری دی گئی ہے۔ اِس کے علاوہ تقریباً دو لاکھ 20 ہزار صارفین LPG سے PNG کی جانب منتقل ہوگئے ہیں۔

S/B Sujata Sharma

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

## CCPA Hotel Charges

صارفین کے تحفظ کی مرکزی اتھارٹی، CCPA نے ہوٹلوں اور ریستوراں کو ہدایت دی ہے کہ وہ صارفین پر LPG چارجز اور ایندھن اخراجات جیسے اضافی چارجز عائد نہ کریں۔ CCPA نے کہا ہے کہ وہ ملک بھر میں اس طرح کے کاموں پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے اور کسی بھی خلاف ورزی کی صورت میں مناسب کارروائی کی جائے گی اور صارفین کے مفادات کے تحفظ کیلئے ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔ اتھارٹی نے واضح کیا کہ ریستوراں اور ہوٹلوں کے Menu میں درج قیمتوں میں صرف قابلِ اطلاق ٹیکسوں کو ہی جوڑا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ Menu میں درج قیمتوں میں پیداواری لاگت کے الگ-الگ جز کی بھی وضاحت کرنی ہوگی۔

قومی صارفین ہیلپ لائن نمبر ایک - نو - ایک - پانچ پر کال یا NCH موبائل ایپ کے ذریعے صارفین اپنی شکایت درج کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ صارفین، E جاگرتی پورٹل کے ذریعے متعلقہ کنزیومر کمیشن میں بھی اپنی شکایت درج کرا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ ضلع کلکٹر کے پاس یا سیدھے CCPA میں بھی شکایت داخل کی جا سکتی ہے۔ ×

## Iran US Ceasefire Plan

مغربی ایشیاء تنازعے میں، جنگ بندی کی کوششوں کو اُس وقت بڑا دھچکا لگا، جب امریکہ کی جانب سے پیش کردہ 15 نکاتی تجویز کو ایران نے مسترد کر دیا۔ ایران کے سرکاری میڈیا نے خبر دی ہے کہ تہران کو ثالثی کرنے والوں کے ذریعے تجویز موصول ہوئی، تاہم اُس نے اس تجویز کو غیر ضروری قرار دے کر مسترد کر دیا۔ مانا جا رہا تھا کہ امریکہ کی تجویز میں ایران کی جانب سے اپنے نیوکلیائی پروگرام سے دستبرداری، میزائل صلاحتوں کو محدود کرنا، بین الاقوامی جہازرانی کیلئے آبنائے ہُرمز کو دوبارہ کھولنا، علاقائی مسلح گروپوں کی حمایت ترک کرنا اور عائد پابندیوں کو مرحلے وار طریقے سے ہٹانے کو قبول کرنا شامل تھا۔

ایران نے اس کے بدلے 5 نکاتی جوابی منصوبہ پیش کیا ہے۔ تہران کا مطالبہ ہے کہ جارحیت اور قتل پر فوری روک لگائی جائے، مستقبل میں کسی بھی فوجی کارروائی سے متعلق ضمانت دی جائے، جنگ میں ہوئے نقصان کی بھرپائی کی جائے، اتحادی گروپوں سمیت سبھی محاذوں پر مخاصمت کا خاتمہ کیا جائے اور آبنائے ہُرمز پر ایران کے اقتدارِ اعلیٰ کو مکمل طور پر تسلیم کیا جائے۔

ایک سینئر ایرانی افسر نے سرکاری ٹیلی ویژن کو بتایا کہ ایران، جنگ تب ختم کرے گا، جب وہ چاہے گا اور اُس کی اپنی شرائط کی تکمیل ہوگی۔ ایرانی افسر نے مزید کہا کہ تہران، واشنگٹن کے ساتھ کوئی سیدھے مذاکرات نہیں کر رہا ہے اور امریکہ، خود سے ہی بات چیت میں مصروف ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Vinod Kumar

مغربی ایشیاء میں، جاری فوجی سرگرمیوں میں شدّت کے ساتھ ہی سفارتی تعطل پیدا ہو گیا ہے۔ ایران اور اُس کے اتحادی گروپوں نے اپنے تازہ حملوں میں اسرائیلی پوزیشنوں اور خلیجی بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا ہے۔ وہیں اسرائیلی فورسز نے ایرانی سرزمین پر مزید فضائی حملے کیے۔ دوسری جانب وہائٹ ہاؤس کا کہنا ہے کہ بات چیت جاری ہے۔ امریکی حکام کا کہنا ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ حالیہ دنوں میں بات چیت میں مصروف ہیں۔ اس دوران پنٹاگون، خطّے میں 82 ویں ایئر بورن ڈویژن کے عناصر سمیت اضافی امریکی افواج کی تعیناتی کی تیاری کر رہا ہے۔ تیل کے عالمی بازار بھی محتاط ردّ عمل ظاہر کر رہے ہیں اور کاروباری افراد، توانائی کی عالمی سپلائی کے گزرنے کے لحاظ سے اہم ترین حصے، آبنائے ہُرمز کی صورتحال پر قریبی نگاہ رکھے ہوئے ہے۔ چوتھے ہفتے میں داخل ہو چکی جنگ کی صورتحال میں کمی آنے کے آثار کم نظر آتے ہیں اور اس کے مغربی ایشیاء میں مزید پھیلنے سے متعلق تشویش میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے، جس سے توانائی کے عالمی بازاروں کیلئے جوکھم میں مزید اضافہ ہو گیا ہے۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

<u>Trump China Visit</u>

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ چین کے صدر Xi Jinping سے بیجنگ میں اُن کی ملاقات کی نئی تاریخ 14 اور 15 مئی ہوگی۔ ایران میں امریکہ کی فوجی کارروائی کی وجہ سے اس ملاقات کو ملتوی کر دیا گیا تھا۔ ٹرتھ سوشل پر اپنی پوسٹ میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ وہ اور خاتونِ اوّل ملینیا ٹرمپ، اس سال بعد میں واشنگٹن میں چین کے صدر Xi اور مادام پینگ کی میزبانی کریں گے۔ صدر ٹرمپ نے اِن دوروں کو تاریخی اور یادگار قرار دیا۔

وہائٹ ہاؤس پریس سکریٹری کیرولِن لیوِٹ نے ملاقات کی نئی تاریخوں کی تصدیق کی ہے اور کہا ہے کہ صدر Xi ، جاری فوجی کارروائیوں کے دوران صدر ٹرمپ کی امریکہ میں موجودگی کی ضرورت کو سمجھ چکے ہیں۔ ×

<u>BJP Candidate List</u>

BJP نے آنے والے مغربی بنگال اسمبلی انتخابات کیلئے 19 امیدواروں پر مشتمل ایک اور فہرست جاری کی ہے۔ فہرست کے قابلِ ذکر ناموں میں R G کر میڈیکل کالج اور اسپتال کیس کی متاثرہ کی والدہ رتنا دیب ناتھ بھی شامل ہیں، جنہیں شمالی چوبیس پرگنا ضلعے کی Panihati اسمبلی حلقے سے امیدواری دی گئی ہے۔ R G کر میڈیکل کالج معاملے میں اگست 2024 میں ایک جونیئر ڈاکٹر کا عصمت دری کے بعد بے رحمی سے قتل کر دیا گیا تھا، جس کے بعد ملک بھر میں احتجاج ہوئے اور انصاف کا مطالبہ کیا گیا۔ رتنا دیب ناتھ، برسرِ اقتدار TMC پر کھل کر تنقید کرتی رہی ہیں اور حکومت پر اپنی بیٹی کو انصاف دلانے کے معاملے میں رکاوٹ ڈالنے کا الزام لگاتی رہی ہیں۔

BJP کی جانب سے جاری کی گئی نئی فہرست کے مطابق ربندرناتھ بوس کو کُوچ بہار دَکشن، ڈاکٹر سنکر Guchhait کو میدنی پور اور بپلب منڈل کو ہاوَڑا مدھیہ آسمبلی حلقوں سے امیدواری دی گئی ہے۔ ×

Keralam Nomination

کیرلم کے تمام 140 آسمبلی حلقوں میں انتخابی مقابلے کی واضح تصویر آج سہ پہر سامنے آجائے گی کیونکہ کاغذات نامزدگی واپس لینے کی آج آخری تاریخ ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Smirthy

کل شام تک دستیاب اعداد و شمار کے مطابق کُل 985 امیدوار میدان میں ہیں، کُل دو ہزار 125 کاغذات نامزدگی داخل کیے گئے جس میں سے ایک ہزار 754 کوتسلیم کیا گیا جبکہ 357 کو خارج کردیا گیا۔

اب تک 14 امیدواروں نے اپنے نام واپس لیے ہیں۔ اِس دوران سینئر قومی رہنماؤں نے پوری ریاست میں انتخابی مہم تیز کردی ہے۔

ترو اننتھا پورم سے اسمرتھی ایم پلّوُرتھی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .......

Assam Nomination

آسام آسمبلی انتخابات کے لئے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال ختم ہوگئی ہے۔ 789 امیدواروں کے کاغذات کوتسلیم کیا گیا ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Rakesh Doley

کل کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کے عمل کے مکمل ہونے کے بعد ریاست میں تمام 126 حلقوں کیلئے انتخابی عمل ایک اہم موڑ پر پہنچ گیا ہے۔

زیادہ تر نامزدگی پرچوں کی جانچ پڑتال منگل کو کی گئی جبکہ باربیٹا اور Dhekiajuli حلقوں میں کاغذات کی جانچ پڑتال کل کی گئی۔ 120 حلقوں میں کُل 815 امیدواروں نے ایک ہزار 389 کاغذات نامزدگی داخل کیے تھے۔ کاغذات کی جانچ پڑتال کے بعد 789 امیدواروں کو چناؤ کیلئے اہل قرار دیا گیا۔

ریاست میں آج نام واپس لینے کی آخری تاریخ ہے۔

گوہاٹی سے Rakesh Doley کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .....

## Ram Navami

آج ملک بھر میں رام نومی کا تہوار عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جا رہا ہے، جو مریادا پرشوتم شری رام کی یومِ پیدائش کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ یہ تہوار مذہبی اور ثقافتی اعتبار سے نہایت اہمیت کا حامل ہے اور لوگوں کی سچائی، انصاف، نیکی اور فرض شناس جیسے اعلیٰ اقدار پر عمل کرنے کی ترغیب دیتا ہے جیسا کہ شری رام کی زندگی سے رہنمائی ملتی ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے رام نومی کے موقعے پر اہل وطن کو مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ بھگوان رام کی زندگی ہمیں ایک بامقصد زندگی گزارنے کیلئے سچائی، انصاف اور نیکی کے راستے پر چلنے کی رہنمائی فراہم کرتی ہے۔×

## Railways Communication

ریلوے نے اپنے مواصلاتی ڈھانچے کو جدید بنانے اور Kavach خودکاری ٹرین تحفظتی نظام کو مختلف زونز میں وسعت دینے کیلئے بارہ سو کروڑ روپے سے زائد کے منصوبوں کو منظوری دی ہے۔

وزارت ریلوے کے مطابق ان منصوبوں کا مقصد جدید فائبر کمیونیکیشن سسٹمز اور بہتر حفاظتی اقدامات کے ذریعے ریلوے نیٹ ورک مزدی مضبوط بنانا ہے۔×

## Nirav Modi Extradition

مفرور ہیرا تاجر نیرو مودی کو اس وقت ایک بڑا قانونی دھچکا لگا، جب لندن میں ہائی کورٹ آف جسٹس، کنگز بنچ ڈویژن نے ان کی اس درخواست کو مسترد کر دیا، جس میں انہوں نے اپنی بھارت حوالگی کے خلاف کارروائی دوبارہ شروع کرنے کی اپیل کی تھی۔ یہ درخواست بھنڈاری ججمنٹ کی بنیاد پر دائر کی گئی تھی، جو برطانیہ کی ہائی کورٹ نے دفاعی سوداگر سنجے بھنڈاری کے کیس میں سنایا تھا۔ اس مقدمے میں بھنڈاری نے موقف اختیار کیا تھا کہ اگر انہیں بھارت کے حوالی کیا گای تو انہیں تشدد کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، جس پر عدالت نے انسانی بنیادوں پر ان کی حوالگی سے انکار کر دیا تھا۔ نیرو مودی بھارت میں پنجاب نیشنل بینک دھوکہ دہی معاملے میں مطلوب ہیں۔ وہ 2018 میں ملک سے فرار ہو گئے تھے اور 2019 میں برطانیہ میں گرفتار کیے گئے تھے۔

بعد ازاں برطانوی عدالتوں نے ان کی حوالگی کی منظوری دے دی تھی اور ان کی جانب سے دائر متعدد اپیلوں کو بھی مسترد کر دیا گیا تھا۔×

PM Modi Global Popularity

وزیرِاعظم نریندر مودی ایک بار پھر دنیا کے سب سے مقبول رہنما قرار پائے ہیں۔ انھیں امریکہ میں واقع ڈیٹا اینالِٹکس فرم Morning Consult کے تازہ عالمی سروے میں 68 فیصد قبولیت کی شرح کے ساتھ یہ درجہ بندی حاصل ہوئی ہے۔

یہ سروے 2 سے 8 مارچ کے درمیان کیا گیا، جس میں دکھایا گیا ہے کہ وزیر اعظم مودی دیگر عالمی رہنماؤں کے مقابلے میں نمایاں برتری برقرار رکھے ہوئے ہیں۔

سوئٹزرلینڈ کے صدر Guy Parmelin اور جنوبی کوریا کے صدر Lee Jae-myung ، 62 فیصد قبولیت کی شرح کے ساتھ دوسرے مقام پر ہیں۔ اس کے بعد چیک جمہوریہ اور ارجنٹینا کے رہنما بالترتیب 57 اور 56 فیصد قبولیت کی شرح کے ساتھ ہیں۔

اس کے برعکس، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو 39 فیصد قبولیت حاصل ہوئی ہے اور وہ سرِفہرست 10 رہنماؤں میں شامل نہیں ہیں۔ یورپی رہنماؤں میں برطانیہ کے وزیر اعظم Keir Starmer کو 24 فیصد جبکہ فرانس کے صدر ایمانوئل میخوں کو 17 فیصد قبولیت حاصل ہوئی ہے، جس کے باعث وہ فہرست میں نچلے مقام پر رہے۔

یہ درجہ بندی مختلف ممالک میں بالغ افراد کی آراء پر مبنی ہے۔ یہ تازہ سروے ایسے وقت سامنے آیا ہے جب وزیرِاعظم مودی نے عوامی زندگی میں ایک اہم سنگِ میل طے کیا ہے اور وہ گجرات کے وزیر اعلیٰ اور وزیر اعظم کے طور پر طویل مدت تک خدمات انجام دینے والے بھارت کے رہنماؤں میں شامل ہو گئے ہیں۔x

Mahadev Betting Case

اینفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED نے مہادیو آن لائن سٹّہ معاملے میں ایک ہزار 700 کروڑ روپے مالیت کی املاک عارضی طور پر ضبط کی ہے۔ ED کے رائے پور زونل دفتر نے اپنے بیان میں بتایا کہ کالے دھن کو جائز بنانے کی روک تھام کے قانون کے تحت یہ کارروائی کی گئی۔

ED نے دبئی میں 18 اور نئی دلّی میں 2 غیر منقولہ جائدادیں ضبط کی ہیں، جن میں دبئی ہلز اسٹیٹ، بزنیس بے، SLS ہوٹل اور ریزیڈینسی اور برج خلیفہ میں لگزری وِلاز اور اپارٹمنٹ شامل ہیں۔ ED نے بتایا کہ اِن جائیدادوں کا تعلق مہادیو سٹّہ ایپ کے اصل پروموٹر سوربھ چندراکر سے ہے، اور جو فی الحال اُس کے معاونین کے پاس تھیں۔ x

Bhashini MoU

ڈیجیٹل انڈیا بھاشنی ڈویژن اور پنشن فنڈ ریگولیٹری اینڈ ڈولپمنٹ اتھارٹی، PFRDA نے بھاشنی سہیوگی پروگرام، سیوا سنچالن کیلئے بھاشنی پہل کے تحت مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔

اس اشتراک کا مقصد، بھارت کے قومی لسانی ڈیجیٹل عوامی بنیادی ڈھانچے کے پلیٹ فارم، بھاشنی کے ذریعے پنشن کے شعبے میں کثیر لسانی ڈیجیٹل اہلیتوں کو مستحکم کرنا ہے۔

یہ معاہدہ، PFRDA نظام کو ترجمہ نگاری کے وسائل، کثیر لسانی مصنوعی ذہانت کے ماڈلز اور آواز پر مبنی ٹکنالوجیز کے استعمال کے قابل بنائے گا۔ اس معاہدے سے پنشن خدمات کے ڈیجیٹل پلیٹ فارمز اور یوزر انٹرفیس میں زبان تک رسائی اور رابطوں میں بہتری کی توقع ہے۔

اس پہل کا مقصد آئین کے آٹھویں شیڈیول میں درج سبھی 22 زبانوں تک رسائی کو وسعت دینا بھی ہے، تاکہ پنشن خدمات کو صارفین اور شراکت داروں کیلئے زیادہ شمولیاتی بنایا جا سکے۔ ×

Football SAFF

ساؤتھ ایشین فٹ بال فیڈریشن، SAFF انڈر ٹوئنٹی چیمپئن شپ میں بھارت کی مردوں کی ٹیم آج مالے میں پاکستان کے خلاف میچ سے اپنی مہم کا آغاز کرے گی۔

بھارت، پاکستان اور بنگلہ دیش کے ساتھ گروپ B میں ہے۔ گروپ مقابلوں میں ہر پوائنٹ اہمیت کا حامل ہے۔ بھارت کا دوسرا میچ ہفتے کے روز بنگلہ دیش سے ہوگا۔

دو گروپ میچوں میں سے صرف ایک جیت بھی سیمی فائنل میں جگہ بنانے کیلئے کافی ہوگی۔ ×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......شاہد حبیب

شکریہ ـضمیر

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے اردو اخبارات نے آج مختلف خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ انقلاب نے سرخی لگائی ہے کہ ''امریکہ کی جنگ بندی کی تجویز ایران نے ٹھکرا دی۔'' آگے اخبار لکھتا ہے کہ امریکی صدر نے پاکستان کے توسط سے 15 نکاتی تجویز بھیجی تھی، جسے ایران نے یہ کہہ کر ٹھکرا دیا کہ امریکہ اپنی شکست کو جنگ بندی کا نام دینا چاہتا ہے۔

مغربی ایشیاء میں بڑھتی کشیدگی اور سوشل میڈیا پر گردش کر رہی گمراہ کُن خبروں کے تناظر میں روزنامہ پرتاپ نے حکومت کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ ملک میں ایندھن کا کوئی بحران نہیں۔ مرکز اور سرکاری تیل کمپنیوں نے واضح کیا ہے کہ گھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں۔ ملک میں ایندھن کا وافر ذخیرہ موجود ہے۔ اسی ضمن میں روزنامہ پرتاپ نے ہی اپنی ایک دوسری سرخی میں کہا ہے کہ حکومت نے ایندھن تحفظ کی ضمانت دی، اپوزیشن بھی بحران میں ساتھ کھڑی ہوئی، 35 دن بعد گیس کی بُکنگ کا دعویٰ جھوٹا۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے اپنی شہ سرخی میں کہا ہے کہ گجرات آسمبلی سے یکساں سِول کوڈ بل منظور، قبائلی آبادی کو استثنٰی۔ اس خبر کی ذیلی سرخی کے تحت اخبار لکھتا ہے کہ UCC کے نفاذ کے بعد شادی، طلاق و تقسیمِ وراثت جیسے معاملوں میں مسلمانوں پر بھی یکساں قوانین لاگو ہوں گے۔

ٹرانس جینڈر افراد کے حقوق سے متعلق ایک اہم پیشرفت کو روزنامہ پرتاپ نے سرخی بنایا ہے اور لکھا ہے کہ ٹرانس جینڈر افراد کے حقوق کا تحفظ (ترمیمی) بل پر پارلیمنٹ کی مہر لگ چکی ہے۔ بدھ کو راجیہ سبھا نے صوتی ووٹ سے اس بل کو منظور کر لیا ہے، جبکہ لوک سبھا سے یہ پہلے ہی منظور ہو چکا تھا۔×

<u>آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر</u>

1- پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا ہے کہ اپوزیشن پارٹیوں نے مغربی ایشیا بحران پر آل پارٹی میٹنگ میں حکومت کی حمایت کرنے کا یقین دلایا۔

2- مرکزی کابینہ نے 2035 تک کاربن اخراج کو 47 فیصد تک کم کرنے کے حکومت کے عزم کو منظوری دی۔

3 - حکومت نے کہا ہے کہ ملک کے پاس 26 کروڑ ٹن خام تیل کو صاف کرنے کی صلاحیت ہے۔ سرکار نے شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ افواہوں پر دھیان نہ دیں اور گھبراہٹ میں خریداری کرنے سے گریز کریں۔

4- صارفین سے متعلق مرکزی اتھارٹی نے ہوٹلوں اور ریستورانوں کو صارفین سے اضافی چارجز جیسے LPG چارجز اور ایندھن کی لاگت وصول کرنے سے روک دیا ہے۔

5- مغربی ایشیا میں امن کی کوششوں کو دھچکہ لگا ہے کیونکہ ایران نے امریکہ کے 15 نکاتی جنگ بندی منصوبے کو مسترد کردیا ہے۔

6- اور : فٹبال میں آج مالے میں 20 سال کی عمر تک کے SAFF چیمپین شپ کے افتتاحی میچ میں بھارت کا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

-----------------------------------------